# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## كلية اللغة العربية و الدراسات الاسلامية

درس نظامی پروگرام

کورس: قرآن حکیم (240)　　　　سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک

### بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم:

اس ڈاک کے ہمراہ آپ کو درج ذیل درسی مواد بھیجا جا رہا ہے۔ اگر اس بستے میں مندرجہ ذیل کوئی چیز موجود نہ ہو تو اس کی اطلاع "شعبہ میل و اشاعت، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد" کو دیں تا کہ اس کی کو جلد از جلد پورا کیا جا سکے۔

| | | |
|---|---|---|
| -1 | بستہ برائے طلبہ | ایک عدد |
| -2 | خط برائے طلبہ | ایک عدد |
| -3 | امتحانی مشقیں | چار عدد |
| -4 | فارم برائے امتحانی مشقیں (مشقی کام) | چار عدد |
| -5 | رہنمائے طلبہ عمومی | ایک عدد |
| -6 | مشقی کام کا شیڈول | ایک عدد |

والسلام

کورس رابطہ کار
ڈاکٹر محمد عارف عبدالحکیم
اسسٹنٹ پروفیسر
شعبہ حدیث و سیرت

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## كلية اللغة العربية و الدراسات الاسلامية

### درس نظامی پروگرام

کورس: قرآن حکیم (240) | سمسٹر: خزاں، 2012ء

سطح: میٹرک

## بستہ برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس قرآن حکیم (240) میں داخلہ پر ہم آپ کو خوش آمدید کہتے ہیں اور آپ کے شوق کی قدر کرتے ہیں۔ ہمیں اُمید ہے کہ اس کورس کو آپ اپنی تعلیمی زندگی کے لیے مفید پائیں گے۔

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی کے طلبہ کو نسبتاً زیادہ محنت کرنا ہوتی ہے۔ آپ کو پابندی اور مستقل مزاجی سے مطالعہ کی عادت اپنانا ہوگی تاکہ فاصلاتی نظامِ تعلیم کے مطابق منفرد اور جدید انداز میں بنائے گئے کورسز سے آپ بہتر طور پر مستفید ہو سکیں اور تعلیم کے مقاصد کا حصول آپ کے لیے ممکن ہو۔

کورس قرآن حکیم (240) میٹرک کی سطح کے پروگرام میں مواد کا متعلقہ حصہ خوب اچھی طرح مطالعہ کرکے آپ کو چار مشقیں حل کرنا ہوں گی۔ کورس مکمل کریڈٹ کا ہے اس لیے چار مشقیں ہوں گی جو بروقت حل کرکے جزوقتی استاد (ٹیوٹر) کو بھیجنا ہوں گی۔ دیے گئے سوالات کو کتاب پڑھنے اور سمجھنے کے بعد حل کیجیے۔

ہر مشقی کام حل کرنے کے بعد مشقی کام مع تین عدد فارم پُر کرکے اپنے ٹیوٹر کو مقررہ تاریخ سے قبل ارسال کر دیجیے۔ یاد رہے کہ اپنا نام، رول نمبر، پتہ، کورس کا نام وغیرہ واضح اور خوش خط لکھیے اور کوئی کالم خالی نہ چھوڑیے۔

داخلہ، رجسٹریشن یا امتحان سے متعلق کسی قسم کی شکایت یا استفسار ہو تو متعلقہ شعبے سے رجوع کیجیے، اپنا مسئلہ وضاحت سے بیان کیجیے اور جواب کے لیے لفافہ ارسال کیجیے۔

کورس کے حوالہ سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ رکھیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محنت اور کامیابی کی دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام

رابطہ کار

ڈاکٹر محمد عارف عبدالحکیم

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## كلية اللغة العربية و الدراسات الاسلامية

درس نظامی پروگرام

کورس: قرآن حکیم (240) | سمسٹر: خزاں 2012ء
سطح: میٹرک | کل نمبر: 100

## نصابی خاکہ

| یونٹ نمبر | مقررہ حصہ |
|---|---|
| (1) | سورۃ اللھب تا الناس |
| (2) | سورۃ الماعون تا النصر |
| (3) | سورۃ الفیل و القریش |
| (4) | سورۃ العصر و الھمزۃ |
| (5) | سورۃ التکاثر و القارعۃ |
| (6) | سورۃ الزلزال و العادیات |
| (7) | سورۃ القدر و البینۃ |
| (8) | سورۃ التین و العلق |
| (9) | سورۃ الضحیٰ و الانشراح |
| (10) | سورۃ الشمس و اللیل |
| (11) | سورۃ الفجر و البلد |
| (12) | سورۃ الاعلیٰ و الغاشیۃ |
| (13) | سورۃ الطارق و البروج |
| (14) | سورۃ المطففین و الانشقاق |
| (15) | سورۃ التکویر و الانفطار |
| (16) | سورۃ عبس |
| (17) | سورۃ النازعات |
| (18) | سورۃ النبآء |

# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## كلية اللغة العربية و الدراسات الاسلامية

درس نظامی پروگرام

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:**

1- **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی جعلی سٹوڈنٹ سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔**

2- **کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: قرآن حکیم (240) — سمسٹر: خزاں 2012ء

سطح: میٹرک — کل نمبر: 100

## مشقی کام نمبر 1

سوال نمبر 1- سورۃ الاخلاص کا با محاورہ ترجمہ کیجئے۔ نیز اس کی فضیلت اور سبب نزول بیان کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 2- مندرجہ ذیل کا ترجمہ و مفہوم بیان کیجئے۔ (10)

نفاثات في العقد، حمالة الحطب، نصر الله والفتح، البيت، أصحاب الفيل، سجيل، همزة لمزة

سوال نمبر 3- سورۃ "اللھب" کا با محاورہ ترجمہ و تفسیر بیان کریں۔ نیز سبب نزول بھی تحریر کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 4- سورۃ العصر میں لوگوں کی جن اقسام کا ذکر کیا گیا ہے اس پر تفصیل سے روشنی ڈالیے۔ (10)

سوال نمبر 5- مندرجہ ذیل کلمات کی لغوی وضاحت کیجئے۔ (10)

الفلق، الماعون، الحطب، الصمد، شانئك، الحطمة، عمد ممددة۔

سوال نمبر 6- سورۃ الکافرون اور سورۃ الماعون میں سے ماضی اور مضارع کے افعال علیحدہ علیحدہ کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 7- مندرجہ ذیل تراکیب میں سے اضافی اور توصیفی علیحدہ علیحدہ کیجئے۔ (10)

دين الله، رب الفلق، الفراش المبثوث، حمالة الحطب، شانئك، الوسواس الخناس۔

سوال نمبر 8- مندرجہ ذیل سورتوں میں سے افعال و مرکبات لکھئے اور صرفی و نحوی تشریح بھی کیجئے۔ (10)

(i) سورۃ الھمزۃ (ii) سورۃ الفیل (iii) سورۃ الکوثر

سوال نمبر 9- مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب لکھیے۔ (10)

اطعمهم، عملوا الصالحات، جاء نصر الله، وارسل عليهم طيرا، زرتم المقابر۔

سوال نمبر 10- "الکوثر" کا مطلب بیان کیجئے، اور حوض کوثر پر ایک جامع نوٹ تحریر کیجئے۔ (10)

کل نمبر: 100
کامیابی کے نمبر: 40

## مشقی کام نمبر 2

سوال نمبر 1- سورۃ ''القدر'' اور سورۃ ''العادیات'' کا با محاورہ ترجمہ اور تفسیر لکھیے۔ (10)

سوال نمبر 2- مندرجہ ذیل کلمات کا مفہوم قرآن مجید کی روشنی میں بیان کیجئے۔ (10)

القارعة، المغیرات، الامین، الروح، التقوی، طور سینین، تواصوا بالحق، البلد الامین، عین الیقین، علم الیقین، اهل الکتاب، حنفاء، الزبانیة۔

سوال نمبر 3- سورۃ الشرح کے مضمون کو اپنے الفاظ میں بیان کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 4- درج ذیل سورتوں میں فعل ماضی، فعل مضارع اور اسم فاعل کے صیغوں کی نشاندہی کیجئے۔ (10)

سورۃ البینة، سورۃ التین، سورۃ البلد، سورۃ الغاشیة

سوال نمبر 5- سورۃ ''الزلزلة'' کا با محاورہ ترجمہ و تفسیر کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 6- سورۃ ''الشمس'' میں اللہ تعالیٰ نے کن چیزوں کی قسم کھائی ہے؟ تفصیل کے ساتھ بیان کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 7- سورۃ "العادیات" میں اللہ تعالیٰ نے کن چیزوں کا ذکر کیا گیا ہے ان کی تفصیل تحریر کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 8- سورۃ "اللیل" کا ترجمہ کیجئے نیز سبب نزول بھی بیان کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 9- درج ذیل الفاظ کا لغوی مفہوم واضح کیجئے۔ (20)

الحسنی، کلا، نادیة، کتب قیمة، لیلة القدر، شر البریة، مثقال، المغیرات، کنود، المنفوش۔

کل نمبر: 100
کامیابی کے نمبر: 40

## مشقی کام نمبر 3

سوال نمبر 1- سورۃ الفجر کی ابتدائی دس آیات کا با محاورہ ترجمہ و تفسیر تحریر کیجئے۔ (10)

سوال نمبر 2- مندرجہ ذیل کلمات/آیات کی وضاحت کیجئے۔ (10)

والفجر، بهذا البلد، سندع الزبانیة، النجم الثاقب، النفس المطمئنة، ارم ذات العماد، مخلصین له الدین، حنفاء، الیوم الموعود

سوال نمبر 3- مندرجہ ذیل سوالات کے مختصر جواب لکھیے۔ (20)

(i) اصحاب الاخدود سے کیا مراد ہے؟
(ii) مطففین کا مطلب اور حکم بیان کیجئے۔
(iii) 'ان سعیکم لشتی' سے کیا مراد ہے؟
(iv) سائل، یتیم اور مساکین کے ساتھ کیسا سلوک کرنا چاہیے؟

(v) ناقۃ اللہ سے کیا مراد ہے؟

سوال نمبر4- سورۃ "الاعلیٰ" کا با محاورہ ترجمہ تحریر کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5- سورۃ "البروج" میں سے واحد اور جمع الفاظ علیحدہ تحریر کیجیے نیز واحد کی جمع اور جمع کے واحد قلمبند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر6- مندرجہ ذیل جملوں کی ترکیب صرفی و نحوی لکھیے۔ (20)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | خلق الانسان من علق | (ii) | نشرح لك صدرك |
| (iii) | صدق بالحسنیٰ | (iv) | جاء ربك والملك صفاً |
| (v) | ان ربك لبالمرصاد | (vi) | لست علیهم بمصیطر |
| (vii) | خلقنا الانسان فی احسن تقویم | (viii) | انزلناه فی لیلة القدر |

کل نمبر: 100

کامیابی کے نمبر: 40

## مشقی کام نمبر 4

سوال نمبر1- سورۃ ''الانشقاق'' کے مضمون کو اپنے الفاظ میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر2- مندرجہ ذیل جملوں کا ترجمہ و مفہوم بیان کیجیے۔ نیز ان کی نحوی ترکیب کیجیے۔ (20)

| | | | |
|---|---|---|---|
| (i) | ووضعنا عنك وزرك | (ii) | عم یتساءلون |
| (iii) | ان فی ذلك لعبرة | (iv) | فبشره بعذاب الیم |
| (v) | ان الابرار لفی نعیم | (vi) | وما ارسلوا علیهم حفظین |

سوال نمبر3- سورۃ "عبس" کی پہلی دس آیتوں کا مضمون آسان پیرائے میں بیان کیجیے۔ (20)

سوال نمبر4- سورۃ "النازعات" کو خوشخط تحریر کیجیے نیز پہلی دس آیتوں کا با محاورہ ترجمہ قلمبند کیجیے۔ (20)

سوال نمبر5- سورۃ "النباء" کی پہلی دس آیتوں کا مضمون آسان پیرائے میں بیان کیجیے۔ (10)